23 کپڑا سجا کیسے

4312CH23

ساجدہ کی بہن نے اس کو ایک بہت خوبصورت دوپٹہ دیا۔ دوپٹے کے اوپر خوبصورت کڑھائی تھی اور شیشے بھی ٹنکے ہوئے تھے۔ رات کو کھانا کھانے کے بعد ساجدہ دوپٹہ الگ الگ طرح سے اوڑھ کر کھیلنے لگی۔ کھیلتے کھیلتے وہ تھک گئی تو دوپٹہ اوڑھے ہوئے ہی سوگئی۔ خواب میں بھی وہ دوپٹے کے بارے میں سوچتی رہی ـــ اتنا خوبصورت دوپٹہ کیسے بنا ہوگا؟





ساجدہ کا دوپٹہ کیسے بنا ہوگا؟ اس بارے میں تمھارا کیا خیال ہے؟



* تم بھی ایک دوپٹہ یا کوئی تھوڑا لمبا بغیر سلا ہوا کپڑا لو۔ اسے الگ الگ طرح سے پہن کر دیکھو۔ کتنی طرح سے پہن پائے۔
* کیا کسی نے اسے لنگی بنا کر یا صافہ بنا کر پہنا؟ دوپٹے کو اور کیسے کیسے پہنا گیا؟
* اپنے گھر میں کوئی چھ لباس دیکھو۔ تم نے ان میں کیا کیا فرق محسوس کیا؟ جیسے بُناوٹ میں، رنگ میں، ڈیزائن میں؟

* کسی موٹے کپڑے کو غور سے دیکھو۔ کیا ان میں تمھیں سیدھے اور آڑے دھاگے جاتے ہوئے دکھائی دیے؟ تم کسی بھی کپڑے کو نزدیک سے دیکھو گے تو تمھیں ایسی ہی بُناوٹ دکھائی دے گی۔

© NCERT not to be republished

تم بھی اسی طرح کاغذ کی پٹیوں کو بُن سکتے ہو۔



* کاغذ سے بُنائی

1۔ دو الگ الگ رنگ کے کاغذ لو۔

2۔ ایک کاغذ پر کھڑی لکیریں کھینچو اور دوسری پر آڑی۔

3۔ دونوں کاغذوں کو کھینچی گئی لکیروں کے ساتھ ساتھ کاٹو۔ خیال رہے کہ پٹیاں بالکل الگ نہ ہو جائیں۔

4۔ دونوں کاغذوں کو ایک دوسرے کے کناروں کے اوپر رکھو۔ دونوں کے کنارے (جنھیں تصویر میں رنگین دکھایا گیا ہے) آپس میں جوڑو۔

5۔ اب پٹیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ بُن کر چٹائی بناؤ۔

6۔ اس کے کنارے پر ایک کاغذ کا حاشیہ یا ٹیپ چپکا دو، تاکہ وہ کُھل نہ سکے۔

* کپڑے پر چھپائی

تم نے 'پودوں کی پری' سبق میں کپڑوں پر بنے پھول، پتّیوں کے نمونے دیکھے تھے۔ کٹی ہوئی سبزیوں کی مدد سے تم بھی کچھ نمونے بنا سکتے ہو۔

گوبھی کے پھول یا بھنڈی کو بیچ سے کاٹو۔ کٹے ہوئے حصّے پر رنگ لگا کر کاغذ یا کپڑے پر ٹھپّے لگا کر اپنی پسند کے ڈیزائن بناؤ۔

'کاغذ کی بُنائی' اور 'کپڑے پر چھپائی' کی سرگرمی کرانے سے بچّے ہماری روایتی فن کاری اور کاریگری سے واقف ہو سکیں گے۔ اس سے بچّوں کو اپنی تخلیقیت دکھانے کا موقع ملے گا۔

© NCERT not to be republished